نفرت کے خلاف محبت کی جیت ہوئی ہے: راہل گاندھی

بھوئے مؤ گیسٹ ہاؤس میں مشترکہ طور پر امیٹھی اور رائے بریلی کے عوام کا شکریہ ادا کیا

رائے بریلی (ایس این بی) پارلیمانی انتخاب جیتنے کے بعد راہل اور پرینکا گاندھی پہلی مرتبہ منگل کے روز رائے بریلی پہنچے یہاں انہوں نے بھوئے مؤ گیسٹ ہاؤس میں مشترکہ طور پر امیٹھی اور رائے بریلی کے کانگریس کارکن اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اپنے خطاب میں راہل گاندھی نے کہا کہ پارلیمنٹ الیکشن کے نتیجے نے یہ واضح کر دیا ہے کہ ملک اب ترقی کی سیاست کرنا چاہتا ہے۔ لوگ نفرت سے پریشان ہو چکے ہیں اور محبت کی دکان کھولنا چاہتے ہیں۔ اپنے بیان میں راہل گاندھی نے پرینکا گاندھی کی بھی جم کر تعریف کی اور کہا کہ رائے بریلی اور امیٹھی میں جس جوش اور جذبے کے ساتھ لوگوں نے کانگریس کا ساتھ دیا ہے، ہم یہاں اسی رفتار میں ترقی کو آگے بڑھائیں گے۔ راہل نے کہا کہ جس طرح رائے بریلی کے اندر ڈیولپمنٹ کانگریس کرے گی ٹھیک اسی انداز پر ہم امیٹھی میں بھی کام کریں گے۔ راہل نے اپنے بیان میں اجودھیا سیٹ پر بی جے پی کی شکست کو لے کر نریندر مودی کی تنقید کی اور کہا کہ اگر بنارس سے پرینکا گاندھی چناؤ لڑتی تو نریندر مودی کو ایک بڑی شکست کا سامنا کرنا پڑتا۔ انہوں نے اپنے بیان میں پنڈت جواہر لعل نہرو کی رائے بریلی آمد سے جڑے واقعات بیان کیے اور اسے رائے بریلی سے کانگریس کا پریوارک رشتہ بتایا۔ راہل نے کہا کہ اس چناؤ میں سماجوادی پارٹی کے کارکن بھی کانگریس کے ساتھ مضبوطی سے ڈٹے رہے اور جہاں پر سپا کا امیدوار رہا ہے وہاں کانگریس کے شیروں نے جی جان لگادی۔ اسی لیے اتر پردیش میں بی جے پی کو زبردست شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس موقع پر پرینکا گاندھی نے کہا کہ پارلیمنٹ کے الیکشن میں اتر پردیش کی عوام نے نفرت کے خلاف ووٹ کیا ہے۔ انہوں نے کانگریس کے لیڈر کارکن اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر کیسی ویڑو گوپال، کشوری لال شرما، اجیۓ رائے، ارادھنا سنگھ، پنجابی سنگھ، اتل سنگھ، انوار خان، نوشاد خطیب، سعید الحسن، نرمل شکلا، وجے شنکر اگنی ہوتری، امین پٹھان، حافظ ریاض سمیت کئی بڑے لیڈر موجود رہے۔

مختصر خبریں

نگر پنچایت کی جانب سے واٹر فریزر لگایا گیا

فتحپور بارہ بنکی (ایس این بی) نگر پنچایت بلہرہ میں مقامی لوگوں کے لیے ٹھنڈے پینے کے پانی کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک واٹر فریزر نگر پنچایت دفتر میں اور ایک کھالیٹولا وارڈ کے مدرسہ کے نزدیک واٹر فریزر نگر پنچایت کی جانب سے لگایا گیا۔ جس کا افتتاح قاری رفیق ندوی نے فیتہ کاٹ کر کیا۔ انھوں نے کہا کہ پانی پلانا ثواب کا کام ہے اس واٹر فریزر سے آس پاس کے لوگوں کے ساتھ ساتھ اسکول کے بچوں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ بلہرہ نگر پنچایت چیئرمین نمائندہ ایاز خان نے کہا کہ ہماری والدہ قریشہ بیگم سابق چیئرمین پرسن کی آج برسی ہے اور یہ ان کے لیے وقف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نگر پنچایت کے ہر وارڈ میں تین واٹر فریزر لگانے کا منصوبہ ہے اب تک ہم مندروں، مساجد اور عوامی مقامات پر نو واٹر فریزر لگا چکے ہیں۔ اس موقع پر خاص طور سے سابق ضلع پنچایت ممبر نسیم گڈو کے علاوہ تمام لوگ موجود رہے۔

سالی کو اغوا کرکے بھیمانہ قتل کے مجرم بھنوئی کو عمر قید کی سزا

بارہ بنکی (ایس این بی) ایڈیشنل ضلع وسیشن جج انل کمار شکلا نے اپنی سالی کو اغوا کر کے اس کو بڑے ہی بہیمانہ طریقے سے قتل کر دینے کے مقدمہ میں بہنوئی کو مجرم ٹھہراتے ہوئے عمر قید کی سزا کے ساتھ 35 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ اے ڈی جی سی رما کانت دویدی نے بتایا کہ آواس کالونی کے رہنے والے اروند یادو کی بہن تنو یادو گرلس انٹر کالج میں درجہ 11 کی طالبہ تھی۔ 21 ستمبر 2020 کو وہ اپنی سہیلی کے ساتھ اسکول گئی تھی۔ گھر والوں نے شبہ کی بنیاد پر بہنوئی لوکش یادو کے خلاف رپورٹ درج کرائی تھی۔ پولیس کے ذریعہ گرفتار بہنوئی لوکش یادو نے بتایا کہ اس نے تنو کو قتل کر دیا اس کی نشاندہی پر لاش پکسار کے جنگل سے برآمد ہوئی۔ ملزم کے قبضے سے متوفیہ کا چشمہ اور دوپٹہ بھی برآمد ہوا۔ عدالت میں مختلف مرحلوں میں مقدمہ کی سماعت کے بعد لوکش یادو کو سزایاب کیا گیا۔

چیئرمین کی جانب سے بڑے منگل کا اہتمام

فتحپور بارہ بنکی (ایس این بی) مذہبی یگانت کے فروغ کی پہل کرتے ہوئے نگر پنچایت فتح پور کے چیئرمن ارشاد احمد قمر نے بڑے منگل کے موقع پر ہندو مسلم اتحاد کے پیش نظر نگر پنچایت دفتر کے سامنے بھنڈارے کا اہتمام کر کے نئی پہل کی ہے۔ حالات حاضرہ کے تناظر میں جہاں ایک طرف سماجی حلقوں میں ارشاد احمد قمر کے اس قدم کی پزیرائی ہو رہی ہے۔

ٹریفک نظام بہتر بنا کر ہی سڑک حادثات پر قابو پایا جاسکتا ہے

ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس دنیش کمار سنگھ کے ہاتھوں ٹریفک دفتر کا افتتاح

श्री दिनेश कुमार सिंह

بارہ بنکی (ایس این بی) ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس دنیش کمار سنگھ نے آج ضلع پولیس لائنس میں واقع ٹریفک دفتر کی تزئین کاری کے بعد اس کا افتتاح کیا۔ ٹریفک دفتر کے ذریعہ شہر میں ٹریفک نظام کنٹرول کرنے کے لئے شہر کے اہم چوراہوں پر لگے سی سی ٹی وی کیمروں کی مانیٹرنگ کی جاتی ہے۔ ایس پی نے دفتر کے حدود میں ماحولیات کی پاکیزگی قائم رکھنے کے لئے شجر کاری بھی کی۔

انہوں نے تقریب کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک کا نظام بہتر اور موثر بنا کر سڑک حادثات پر بڑی حد تک قابو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک نظام محض ٹریفک پولیس کے ذریعہ ہی نہیں بہتر بنایا جا سکتا ہے بلکہ اس کے لئے شہریوں کا تعاون اور ٹریفک ضابطوں کی پابندی کے تئیں ان کی بیداری بھی ضروری ہے۔ اسی بنا کر وقتاً فوقتاً ٹریفک بیداری کیمپوں کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ خاص طور پر اسکولوں اور کالجوں میں مہم چلا کر طلباء اور طالبات کو ٹریفک ضابطوں سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ تقریب کو ایڈیشنل ایس پی مشرقی چرنجیو ناتھ سنہا، ایڈیشنل ایس پی مغربی ڈاکٹر اکھلیش نرائن سنگھ سرکل افسر شہر جگت رام کنوجیا اور انچارج ٹریفک پولیس رام جتن یادو نے بھی خطاب کیا۔

اینٹی کرپشن بیورو ٹیم نے لیکھ پال کو رنگے ہاتھوں پکڑا

شہر کوتوالی میں انسداد بدعنوانی قانون کے تحت مقدمہ درج

بارہ بنکی (ایس این بی) کھیتی کے لئے خریدے گئے کھیت کے داخل خارج کے لئے 5 ہزار روپے کی ایڈوانس رشوت لیتے ہوئے اینٹی کرپشن بیورو ٹیم نے ایک لیکھ پال کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ بیورو کی طرف سے شہر کوتوالی میں انسداد بدعنوانی قانون کے تحت مقدمہ درج کرایا گیا۔ گرفتار لیکھ پال منوج کمار سنگھ کو کل بروز بدھ گورکھپور میں اینٹی کرپشن عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ ضلع انتظامیہ کے لیکھ پال کو معطل کر دیا ہے۔ اطلاع کے مطابق تحصیل صدر کے کسان منوج آنند نے بیورو سے شکایت کی تھی کہ اس نے قابل کاشت زمین خریدی تھی جس کے داخل خارج کے لئے لیکھ پال منوج کمار سنگھ گزشتہ 4 ماہ سے 50 ہزار روپے کی رشوت کے لئے دوڑا رہے تھے جب لیکھ پال بھیارہ نے رشوت لئے بغیر داخل خارج کرنے سے منع کر دیا تو کسان نے اس کی شکایت اینٹی کرپشن بیورو سے کی جہاں سے آج انسپکٹر رائے دویدی کی قیادت میں ٹیم تحصیل پہنچی جہاں کسان نے لیکھ پال کو فون کیا کہ وہ 5 ہزار روپے لایا ہے جس پر لیکھ پال نے کسان کو ضلع مجسٹریٹ کے بنگلے کے سامنے واقع ہوٹل پر بلایا۔ لیکھ پال نے کسان سے جیسے ہی یہ رقم لی کہ پیچھے سے بیورو کی ٹیم نے اس کو رنگے ہاتھوں دبوچ لیا اور شہر کوتوالی لے کر چل دیے اسی دوران کافی تعداد میں لیکھ پال آ گئے اور ملزم کو چھڑانے کی کوشش کرنے لگے ساتھ ہی ہنگامہ بھی کرنے لگے مگر افسران نے ایک نہ سنی اور انسپکٹر بیورو نے شہر کوتوالی میں تحریر دے کر مقدمہ درج کرا دیا۔ معاملے کی اطلاع ملتے ہی ایس ڈی ایم صدر وجے کمار ترویدی نے متعلقہ لیکھ پال کو فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ معروف قانون داں سنجے اروڑہ نے بتایا کہ ضابطہ کے مطابق رجسٹری دفتر سے قابل کاشت زمین کے بیعنامہ کی ایک کاپی براہ راست تحصیل پہنچ جاتی ہے۔ جہاں متعلقہ لیکھ پال تحصیلدار کے سامنے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لیکھ پال اس رپورٹ کے نام پر موٹی رقومات وصول کرتے ہیں۔ لیکھ پال کی رپورٹ نہ لگنے پر 45 دن بعد داخل خارج کی فائل داخل دفتر ہو جاتی ہے اس لئے کسان لیکھ پالوں کو منھ مانگی رشوت ادا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ یہ معاملہ آج ضلع کے دفتروں اور کچہری میں موضوع گفتگو بنا ہوا ہے۔

جامع مسجد سرائے پختہ میں بعنوان 'اسلام کا مالیاتی نظام' پر جلسہ

اجودھیا (ایس این بی) مرکزی جامع مسجد سرائے پختہ فیض آباد میں آج بعد نماز عشاء ایک عظیم الشان اجلاس بعنوان ''اسلام کا مالیاتی نظام'' زیر صدارت مفتی حسب اللہ خان منعقد ہوا۔ مفتی ضیاء الدین قاسمی نے اپنے تمہیدی خطاب میں مسلمانوں کو حرام و ناجائز چیزوں سے بچتے ہوئے اسلامی اصول اور حسن نیت کے ساتھ مالی ترقی کرنے اور تجارت کے میدان میں آگے بڑھنے کی تاکید کی۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ سے تشریف لائے ہوئے مہمان مفتی رحمت اللہ نے سود کی حرمت، اسکی سنگینی، اس پر وعید اور عذاب شدید سے آگاہ کرتے ہوئے لوگوں کو سود اور شبہ سود اور مروجہ مختلف سودی اسکیموں بالخصوص سموہ لون سے بچنے کی تلقین کی۔ مدرسہ ضیاء العلوم تکیہ رائے بریلی کے ناظم مفتی راشد حسین نے اپنے کلیدی خطاب میں عبادت، معاشرت اور معاملات تینوں کو دینی شعبہ سمجھنے اور اسے بہتر بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تجارت میں جھوٹ اور دھوکہ دہی سے بچتے ہوئے اگر صداقت وامانت اختیار کی جائے تو دنیا میں ترقی، آخرت میں سرخروئی اور انبیاء صدیقین وشہداء کے ساتھ حشر میں ہوگا۔ وقف سوال میں سامعین نے موضوع سے متعلق مختلف سوالات کر کے شرعی رہنمائی اور اسلامی مالیاتی نظام سے آگاہی حاصل کی۔

مفتی بادشاہ کی دعا پر جلسہ کا اختتام ہوا۔ اس موقع پر کثیر تعداد میں عمائدین شہر، تجارت پیشہ افراد، معزز علماء ومفتیان کرام بالخصوص مفتی افضال، مفتی زید، مفتی اسجد، قاری عرفان احمد حلیمی، مولانا ظہیر عباس، مولانا اشفاق، ماسٹر ارشاد ربانی وغیرہ شریک بزم رہے۔

تیسرے منگل کے موقع پر مختلف مقامات پر بھنڈارے لگائے گئے

بارہ بنکی (ایس این بی) جیٹھ مہینے کے تیسرے منگل کو آج ضلع کچہری سمیت دوسرے مقامات پر جگہ جگہ بھنڈارے لگائے گئے جس میں بلا تفریق مذہب وملت لوگوں کو کھانے، پینے کی اشیاء اور گرمی کے موسم کے مدنظر ٹھنڈے مشروب تقسیم کیے گئے۔ ضلع کچہری میں وکلاء کے ذریعہ لگائے گئے بھنڈارے میں چیف جج کنبہ معاملات ستیہ دیو گپتا، ایڈیشنل ضلع جج اومیش چند پانڈے، انل کمار شکلا نے لوگوں کو کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کیں۔ اس موقع پر سابق صدر ضلع بار ایسوسی ایشن نریندر ورما، نائب صدر کوشل کشور ترپاٹھی، پردیپ کمار سنگھ، انجلی یادو، محمد اخلاق، پرمود ورما وغیرہ موجود تھے۔

بابا آشرم رام نگر میں ہونے والے بھنڈارے میں سابق ریاستی وزیر ممبر اسمبلی رام نگر حاجی فرید محفوظ قدوائی نے اپنے ہاتھوں سے کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کیں۔ شدید ترین گرمی کے باوجود بھی بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ مسٹر قدوائی نے کہا کہ اس طرح کی تقریبات سے امیر غریب کی دوری کم ہوتی ہے۔ سابق ریاستی وزیر اروند سنگھ گوپ نے ناکہ پیسار، دیویٰ روڈ اور راج کمل روڈ کے بھنڈاروں میں پہنچ کر لوگوں کو کھانے پینے کی اشیاء اور ٹھنڈے مشروبات تقسیم کیے۔ اس موقع پر سابق ایم ایل سی ہر گووند سنگھ، سابق ممبر اسمبلی رام گوپال راوت، دھرمیندر پردھان، مسز پونم یادو، انرودھ شکلا وغیرہ موجود تھے۔

نامعلوم وجہ سے مینتھا ٹینک میں آتشزدگی

محمود آباد - سیتا پور (ایس این بی) ضلع سیتاپور کی تحصیل محمود آباد کے تحت واقع گرام پنچایت شمش آباد میں نامعلوم وجوہات کی بنا پر آگ لگنے سے گاؤں کے ایک درجن سے زائد مکانات جل کر راکھ ہو گئے۔ فائر بریگیڈ محکمہ کو فون کے ذریعہ اطلاع دی گئی، لیکن گاؤں والوں کا الزام ہے کہ فائر بریگیڈ کی گاڑی تقریباً 2 گھنٹے تاخیر سے پہنچی اور یہ بھی بتایا کہ اگر فائر بریگیڈ کی گاڑی وقت پر پہنچ جاتی تو شاید اس طرح کے واقعے سے بچا جاسکتا تھا۔ گاؤں والوں سے اطلاع ملنے پر پتہ چلا کہ تقریباً ایک درجن مکان جل کر راکھ ہو گئے ہیں۔ تمام اناج، کپڑے اور کچھ لوگوں کی نقدی بھی جل گئے ہیں۔ عام لوگوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے۔ موقع پر پہنچے میڈیا کی جانب سے بھی ڈائل 112 اور 101 پر کال کی گئی لیکن فون نہیں اٹھا تو کچھ گاؤں والے فائر بریگیڈ کے دفتر گئے تو وہاں پر محکمہ کے کچھ ملازمین نے کہا کہ جب تک ہم لوگ اور میرا ڈرائیور کھانا نہیں کھالیں گے تب تک یہاں سے نہیں نکلیں گے۔ خبر لکھنے تک ریجنل اکاؤنٹنٹ موقع پر پہنچ گئے اور اطلاع ملنے کے بعد جلی ہوئی املاک کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے۔

چیکنگ کے دوران مطلوبہ ملزم گرفتار

محمود آباد - سیتاپور (ایس این بی) محمود آباد سی او دنیش شکلا کی نگرانی میں تھانہ تھان گاؤں کی پولیس ٹیم کے ذریعہ چیکنگ کے دوران ٹھیکی چوراہے کے پاس مطلوبہ ملزم اودھیش ولد بابو رام ساکن لونین پوروہ مزرعہ بدورا تھانہ ریوسہ ضلع سیتاپور کو گرفتار کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے ایک عدد 12 بور طمنچہ ایک عدد 12 بور کارتوس اور چوری کے 15600 روپے نقد برآمد ہوئے۔ ملزم کے خلاف چوری ونقب زنی جیسے مجرمانہ جرموں سے متعلق تھانہ سدھولی، ریوسہ، تھان گاؤں پر مقدمات درج ہیں۔ ملزم مذکورہ کے خلاف مقامی تھانہ پر مقدمہ کرائم نمبر 173/24 دفعہ 25 آئی پی آرمس ایکٹ درج کر کے قانونی کارروائی کرتے ہوئے عدالت پیش کرنے کے لئے بھیجا جا رہا ہے۔ پولیس ٹیم میں ایس آئی رادھے شیام ورما، ہیڈ کانسٹبل اتل سنگھ، کانسٹبل کپل کمار کے نام شامل ہیں۔

حاجی عروج عالم کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: ڈاکٹر عمار رضوی

محمود آباد-سیتاپور (ایس این بی) انسان کے نہ رہنے کے بعد ان کی قدر اور قیمت کا اندازہ انسان کو ہوتا ہے ایسے ہی ہونہار اور خوش اخلاق لوگوں میں یہاں کے سابق چیئرمین کا شمار ہوتا تھا سخت دھوپ اور پسینہ بہانے والی تکلیف دہ گرمی میں ان کے آخری رسوم میں شریک ہجوم جو بلا مذہب وملت موجود تھا۔ وہ مرحوم کی مقبولیت کا ثبوت تھا۔ مذکورہ خیالات کا اظہار اتر پردیش کے سابق کارگزار وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عمار رضوی نے پیر کی شام کو قصبہ پینتے پور میں وہاں کی ٹاؤن ایریا کے سابق چیئرمین حاجی عروج عالم کے کچھ دن پہلے ہوئے انتقال کی خبر سن کر ان کے اہل خانہ کو پرسہ دینے کے لئے پہنچنے پر کہیں۔ ڈاکٹر عمار رضوی نے ان کے صاحبزادگان اور بھائی اور دیگر اہل خانہ سے مل کر مرحوم کی بیماری کے متعلق جانکاری لی اور ان سب کو تسلی دی۔ ڈاکٹر رضوی نے اس موقع پر کہا کہ حاجی عروج عالم نوجوان لیڈر رہے اور وہ خود اور ان کے والد حاجی جمیل الدین مرحوم بھی یہاں کے چیئرمین رہ چکے ہیں اور ان لوگوں نے جو قصبہ پینتے پور اور آس پاس کے لوگوں کے انفرادی اور اجتماعی کام کرائے ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ قصبہ پینتے پور اور آس پاس کا علاقہ یقیناً ایک مضبوط سیاسی رہنما سے محروم ہوگیا۔ ڈاکٹر رضوی نے کہا کہ حاجی عروج عالم کی یاد میں پینتے پور میں ایک گرلس انٹر کالج قائم ہونا چاہئے اور ایک سڑک کا نام بھی ان کے نام پر منسوب ہونا چاہئے۔ ڈاکٹر رضوی نے حاجی عروج عالم مرحوم کے گھرانے سے اپنے بہت دیرینہ اور گہرے تعلقات ہونے کا ذکر کیا۔ انہوں نے اہل خانہ کو تعزیت پیش کی اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر ان کے لڑکے محمد عادل، سردار عالم، مسروق اعظم محمد عاصم، انور خاں، تجمل خاں، گورو مشرا کے علاوہ بہت سے دیگر لوگ موجود تھے۔

نگر پنچایت دریاباد و ٹکیت نگر میں بھنڈارے کا اہتمام

دریاباد-بارہ بنکی (ایس این بی) جیشٹھ ماہ کے تیسرے بڑے منگل کے موقع پر نگر پنچایت دریاباد و ٹکیت نگر قصبہ میں کئی مقامات پر بھنڈارا ہوا۔ دریاباد قصبہ میں چوراہا، نئی بازار، ریلوے اسٹیشن چوراہا وغیرہ مختلف جگہوں پر بھنڈارے کا اہتمام کیا گیا۔ وہیں دوسری طرف آدرش نگر پنچایت ٹکیت نگر میں چیئرمین جگدیش پرساد گپتا جنہوں نے کئی مقامات پر بھنڈارا میں شرکت کی اور بڑا منگل کے موقع پر ہنومان جی کی پوجا کی۔ اسی طرح ٹکیت نگر کے کال بھیرو مندر اور راہل گپتا کرانہ اسٹور، آیوشی موبائل سونپ، راکیش جیسوال، امرناتھ، ہرشیتا گپتا نے سندر کانڈ کے ساتھ پوری سبزی کا پرساد تقسیم کیا۔ دوسری طرف بینک آف انڈیا ٹکیت نگر کے منیجر عارف حبیب، راجکمار راوت، گوپال کرشنا، پیوش تیواری، راکیش کمار ابھے ورما، سنجیو ماتھر، ششی کانت، سنتوش کمار، تلسی رام یادو وغیرہ نے بڑے دھوم دھام سے پوری سبزی تقسیم کیا اور اسی طرح وکاس چند، نیرج شکلا، اشوک شکلا، نیرج تیواری نے تقسیم کیا۔ صبح سے شام تک مختلف جگہوں پر پرساد تقسیم کیا گیا اور عقیدت مندوں نے کثیر تعداد میں پرساد حاصل کیا۔

تحصیل کے افسران کی سست روی سے مشتعل وکلاء کا احتجاج

فتح پور بارہ بنکی (ایس این بی) زیر التواء مقدمات کو بروقت نہ نمٹانے اور افسران کے طرز عمل سے مشتعل وکلاء نے احتجاج شروع کر دیا۔ وکلاء نے نعرے بازی کی اور جوائنٹ مجسٹریٹ کو میمورنڈم پیش کرتے ہوئے کارروائی کا مطالبہ کیا۔ صورتحال کو دیکھتے ہوئے پولیس فورس کو موقع پر طلب کیا گیا۔

تحصیل کے پریزائیڈنگ افسران کی سست روی کے باعث تحصیلدار جوڈیشیل اور نائب تحصیلدار کی عدالتوں میں غیر متنازع بیعنامہ سینکڑوں مقدمات زیر التوا ہیں۔ جس کی وجہ سے وکلاء نے جوائنٹ مجسٹریٹ سے شکایت اور بات کرنا چاہی تو بات چیت کے دوران مثبت نتائج نہ آنے پر وکلاء نے آئندہ جمعہ تک کام کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ منگل کو تمام وکلاء بار کے آڈیٹوریم میں جمع ہوئے جہاں سے نعرے لگاتے ہوئے ایس ڈی ایم عدالت پہنچے۔ جہاں جوائنٹ مجسٹریٹ آر جگت سائی نے تحصیلدار جوڈیشیل پراچی ترپاٹھی کو میمورنڈم لینے کے لیے بھیجا، جس پر ایڈوکیٹ غصے میں آ گئے اور کہا کہ جب جوائنٹ مجسٹریٹ موجود ہیں تو وہ میمورنڈم انہیں کو دیں گے۔ کچھ دیر بعد جوائنٹ مجسٹریٹ پہنچے، جنہیں ایک میمورنڈم پیش کر کے کارروائی کی مانگ کی۔ بار ایسوسی ایشن کے صدر پردیپ کمار نگم نے کہا کہ اگر افسران اپنی ہٹ دھرمی پر ڈٹے رہے اور کام کو معمول کی رفتار سے نہیں چلایا تو جنرل باڈی کا اجلاس منعقد کر کے اس عدالتی کام کے بائیکاٹ کو تیز کرنے کے لیے بات چیت کی جائے گی۔ اس موقع پر جنرل سکریٹری سنجے سنگھ نمبردار، ہرینام سنگھ ورما، اوم پرکاش یادو، شرون کمار ورما، اندریش شکلا، ستیش ورما، پربھات ورما، گیانو سنگھ، نفیس احمد، اودھیش سریواستو، مدن موہن مشرا وغیرہ موجود تھے۔

عصمت دری متاثرہ نے کوتوالی میں کھایا زہر

رائے بریلی (ایس این بی) عصمت دری کی متاثرہ نے پولیس کے ذریعے کارروائی نہ کیے جانے سے ناراض ہو کر کوتوالی کے اندر پولیس کے سامنے زہر کھالیا جس سے اس کی حالت بگڑ گئی۔ پولیس نے فوراً اسے سی ایچ سی میں داخل کرایا ہے۔ معاملہ اونچاہار کوتوالی حلقہ کے کندراواں گاؤں کا ہے۔ گاؤں کی ایک بیاہتا کا شوہر روزی روٹی کمانے شہر گیا ہوا ہے۔ اسی درمیان اونچاہار کے چھوٹے میاں کا پروا کا رہنے والے ایک نوجوان نے اسے اپنے جال میں پھنسا لیا۔ متاثرہ کا الزام ہے کہ نوجوان نے اس کے ساتھ شادی کا وعدہ کر کے چار سال تک جسمانی تعلقات بنائے اور اس کا فحش ویڈیو بھی بنالیا۔